Digitized by Khilafat Library Rabwah

سیدنا حضرت خاتم النبیین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ نہایت جامع اور متضرعانہ دعاؤں کے ساتھ

ربوہ میں جماعت احمدیہ کا ۸۳ واں مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ انابت الی اللہ کی مخصوص روایات کے ساتھ شروع ہو گیا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بصیرت افروز اور روح پرور دعائیہ افتتاحی خطاب

پاکستان بھر کی احمدی جماعتوں کے علاوہ یورپ، امریکہ، افریقہ اور ایشیا کے تیرہ ممالک کی جماعتوں کے نمائندہ وفود کی شرکت

افتتاحی اجلاس میں اللہ تعالیٰ کی بشارت کے پورا ہونے کا ایمان افروز منظر۔ اللہ اکبر کے فلک بوس نعرے

ربوہ ۲۶ فتح ۱۳۵۴ ہش (۲۲ ذوالحجہ ۱۳۹۵ ہجری، ۲۶ دسمبر ۱۹۷۵ء) بروز جمعۃ المبارک آج پونے دس بجے صبح اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے جماعت احمدیہ کا تراسی واں مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ اپنی غیر معمولی برکات و انوار اور انابت الی اللہ کی مخصوص روایات کے ساتھ شروع ہو گیا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک ایمان افروز، روح پرور اور وجد آفریں افتتاحی خطاب کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ کے حضور سرورِ کائنات سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ نہایت جامع، پُر حکمت، عاجزانہ اور متضرعانہ دعاؤں پر مشتمل تھا اس مقدس جلسہ کا افتتاح فرمایا۔ خطاب کے بعد حضور نے اجتماعی دعا کرائی اور یوں اس بابرکت جلسہ کا آغاز ہوا۔

حضور کے افتتاحی خطاب سے قبل ہی وسیع و عریض جلسہ گاہ پاکستان کے کونے کونے سے تشریف لانے والے ہزارہا احبابِ جماعت اور دنیا کے تیرہ بیرونی ممالک یعنی انگلستان، مغربی جرمنی، سویڈن، ڈنمارک، امریکہ، انڈونیشیا، نائیجیریا، گھانا، سیرالیون، یوگنڈا، ماریشس، سری لنکا اور کینیڈا کی احمدی جماعتوں کے نمائندہ وفود اور اکنافِ عالم سے اپنے طور پر تشریف لانے والے مخلصین سے پُر ہو چکی تھی۔ افتتاحی خطاب کے دوران جب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہونے والی اللہ تعالیٰ کی اس بشارت کا ذکر فرمایا کہ

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا"

اور اس کے ثبوت کے طور پر حضور ایدہ اللہ نے بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے احمدی احباب کو جو مختلف ممالک کے باشندے تھے کھڑے ہونے کا ارشاد فرمایا تو جلسہ گاہ کی پوری فضا اللہ اکبر، السلام زندہ باد، احمدیت زندہ باد کے فلک بوس نعروں سے گونج اٹھی۔

حضور نے سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ نہایت پیاری، جامع و مانع اور عاجزی اور تضرع سے پُر دعائیں تلاوت کرنے اور پھر ان کا ترجمہ بیان کرنے کے بعد فرمایا ہماری جماعت کو اللہ تعالیٰ نے غلبۂ اسلام کے لئے قائم کیا ہے لیکن یہ غلبہ دعاؤں کے ذریعے، نیک نمونہ قائم کر کے اور عاجزانہ راہوں کو اختیار کر کے حاصل ہوگا اس لئے اپنے اس مقام کو کبھی نظر انداز نہ کرو۔ کبر و غرور کو قریب بھی نہ آنے دو اور ہمیشہ اپنے سروں کو اللہ تعالیٰ کے حضور جھکائے رکھو۔ ہمیں اللہ تعالیٰ نے خدمت کے لئے پیدا کیا ہے یہی وجہ ہے کہ حقیقی احمدی نہ کسی سے دشمنی کرتا ہے اور نہ کر سکتا ہے۔ اپنے اس مقام کو اور سلسلہ احمدیہ کے قیام کی غرض کو ہمیشہ پیشِ نظر رکھو۔

لوائے پاکستان اور لوائے احمدیت لہرانے کی تقریب

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تشریف آوری سے قبل جلسہ گاہ میں لوائے پاکستان اور لوائے احمدیت لہرانے کی تقریب عمل میں آئی سٹیج کے دائیں جانب مقررہ جگہ پر محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے پاکستان کا قومی پرچم لہرایا جبکہ سامعین احتراماً کھڑے رہے اور پاکستان زندہ باد کے پُر جوش نعرے بلند کرتے رہے۔

لوائے احمدیت لہرانے کی سعادت انڈونیشیا کی احمدی جماعتوں کے نمائندہ مکرم مرلو توصاحب نے حاصل کی جو کہ اس وقت انڈونیشیا کی احمدی جماعتوں کے نائب صدر ہیں۔ آپ اس سے قبل دو بار وہاں کی جماعتوں کے صدر اعلیٰ بھی رہ چکے ہیں۔ آپ انڈونیشیا کے ایک ماہر قانون دان ہیں اور اپنے ملک کے اسسٹنٹ اٹارنی جنرل بھی رہے ہیں۔

لوائے احمدیت لہرائے جانے کے دوران مکرم الحاج چوہدری شبیر احمد صاحب سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس مشہور نعتیہ نظم کے چند اشعار خوش الحانی کے ساتھ پڑھتے رہے جس کا ایک شعر یہ ہے

وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا
نام اس کا ہے محمد دلبر مرا یہی ہے

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تشریف آوری

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نو بجکر چالیس منٹ پر جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ حضور نے سٹیج پر تشریف لانے کے بعد جملہ حاضرین کو مخاطب کر کے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا۔ اس کے جواب میں جلسہ گاہ کی پوری فضا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کی آوازوں سے گونج اٹھی۔ صدر جگہ حضور کے رونق افروز ہونے پر کارروائی کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا جو کہ سرگودھا کی جماعت احمدیہ کے نائب امیر مکرم ڈاکٹر حافظ مسعود احمد صاحب نے کی۔ بعدہٗ مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اوّل نے حضور کے ارشاد پر قرآن عظیم کی شان میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پُر معارف منظوم کلام کے چند اشعار خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
فوٹ ۴۴۹
ان الفضل یہدی الیہ من یشاء عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً
رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴
روزنامہ الفضل ربوہ
ہفتہ وار
The Daily ALFAZL RABWAH
ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی
قیمت ۳۰ پیسے
قیمت
جلد ۶۴/۲۹ | ۲۲ ذوالحجہ ۱۳۹۵ھ ۲۶ فتح ۱۳۵۴ھش ۲۶ دسمبر ۱۹۷۵ء | نمبر ۲۹۵
پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبدالحی مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ مقامِ اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا روح پرور افتتاحی خطاب

تلاوت و نظم کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے ساتھ اپنے افتتاحی خطاب کا آغاز فرمایا۔ خطاب کے شروع میں حضور نے فرمایا پروگرام کے مقررہ وقت سے میں کچھ بعد یہاں پہنچا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ منتظمین نے اس بات کا خیال نہیں رکھا کہ چناب ایکسپریس نے ابھی آنا ہے اور یہ کہ انتظامی بدنظمی کی وجہ سے ہمارے ہاں گاڑیاں بالعموم وقت کی پابندی نہیں کرتیں۔ حضور نے فرمایا ریلوے کی انتظامیہ مسافروں کی سہولت اور آرام کا بھی خاطر خواہ خیال نہیں رکھتی یہی وجہ ہے کہ اس دفعہ جلسہ سالانہ پر آنے والے احمدی احباب کو بہت تکلیف کا سامنا کرنا پڑا اور بہت سے احباب ابھی تک راستوں میں رکے ہوئے ہیں اور وہ بروقت ربوہ نہیں پہنچ سکے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام بھائیوں کو جو جلسہ میں شمولیت کے لئے روانہ ہوئے مگر انتظامی بدنظمیوں کی وجہ سے ربوہ نہ پہنچ سکے اور دنیا بھر کے وہ تمام احباب بھی جو اس جلسہ میں شامل ہونے کی دلی تڑپ رکھتے تھے لیکن اپنی بعض مجبوریوں کی وجہ سے اس میں شامل نہ ہو سکے اللہ تعالیٰ ان تمام کو ہماری دعاؤں سے حصہ دے اور انہیں اپنی رحمتوں اور برکتوں سے نوازتے ہوئے اجر عطا فرمائے۔ آمین

اس کے بعد حضور نے فرمایا اب ہم دعاؤں کے ساتھ اپنے اس جلسہ کو شروع کرتے ہیں۔ سب سے زیادہ جامع دعا تو سورۃ فاتحہ ہے جو اپنے اندر زبردست وسعت رکھتی ہے اور جس میں اللہ تعالیٰ کی چار بنیادی صفات (رب العٰلمین۔ الرحمٰن۔ الرحیم۔ مالک یوم الدین) کے ساتھ جنہیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ام الصفات قرار دیا ہے ہمیں نہایت جامع دعا سکھائی گئی ہے سو ہمیں یہ جامع دعا کثرت سے کرنی چاہیئے اور اللہ تعالیٰ کی ان صفات کا مظہر بننے اور ان کا رنگ اپنے اوپر چڑھانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

حضور نے فرمایا اس کے بعد ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ دعائیں ہیں وہ بھی بہت جامع و مانع اور پر حکمت دعائیں ہیں۔ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ نو دعائیں میں نے جلسہ سالانہ کے افتتاح کے لئے منتخب کی ہیں میں وہ دعائیں پڑھوں گا اور پھر ان کا ترجمہ کروں گا سب احباب ان دعاؤں میں میرے ساتھ شامل ہوں۔

اس کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کے ایک بزرگ، عالم اور مصنف الخاتمۃ الحفاظ جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی (ولادت ۱۴۴۵ء وفات ۱۵۰۵ء) کی کتاب الجامع الصغیر (جو احادیث کا مجموعہ ہے) میں سے سیدنا حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ نو نہایت جامع دعائیں پڑھیں اور ان کا ترجمہ بیان کیا اور پھر فرمایا:-

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بھی غلبۂ اسلام کے لئے بے حد دعائیں کی ہیں اور غلبۂ اسلام میں دراصل جماعت کی ترقی اور اس کے استحکام کی دعا بھی شامل ہے۔ میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ حضور علیہ السلام کی ان دعاؤں کو بھی قبول فرمائے۔ جیسا کہ احباب کو علم ہے یہ جلسہ کوئی دنیوی میلہ نہیں ہے اس کا مقام اتنا بلند ہے کہ دنیا دار کی نگاہ اس تک پہنچ ہی نہیں سکتی۔ ہماری دعائیں، ہماری خواہش اور کوشش فقط یہ ہے کہ غلبۂ اسلام کے لئے وہ عظیم مجاہدہ جو مہدی معہود کی بعثت کے ساتھ شروع ہوا ہے کامیاب ہو اور ساری دنیا رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع ہو جائے یہ جلسہ بھی اسی کوشش کا ایک حصہ ہے۔

حضور نے فرمایا خدا سے دور لے جانیوالی دنیا سے ہمیں کوئی دلچسپی نہیں کیونکہ ایسی دنیا تو بدبختی کی دنیا ہے لعنت کی دنیا ہے۔ ہماری تو ساری جدوجہد کا مقصد فقط یہ ہے کہ دنیا خدا کا پیارا اور اس کی رضا کو حاصل کر لے۔ خدا کرے کہ ہمیں ہمیشہ ہی اس کا پیار حاصل رہے۔ خدا کی رحمت کا سایہ ہم پر رہے اس کے فرشتے آسمان سے اتر کر ہماری راہنمائی کریں دنیا جو چاہے کرے ہوگا وہی جو خدا چاہے گا اور خدا نے جو چاہا ہے اس کی اطلاع آج سے چودہ سو برس پہلے اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دی یعنی اس مہدی موعود کی بعثت کی بشارت دی جس کے ذریعے اس زمانہ میں غلبۂ اسلام مقدر ہے۔ خدا کرے کہ دنیا بھی اس مہدی موعود کی عزت اور اس کے مقام کو پہچانے جسے خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام بھیجا۔ اس مہدی موعود کے ذریعہ خدا کی قدرت کا یہ نظارہ ہم نے دیکھا کہ وہی وجود جس کی زندگی کے آغاز میں اسے اپنے عزیزوں کی غفلت کے نتیجہ میں فاقہ کشی تک نوبت آجاتی تھی اسے خدا نے یہ بشارت دی کہ "میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا" (تذکرہ)... اور آج یہ بشارت خدا کے فضل سے پوری ہو رہی ہے چنانچہ دنیا کے کناروں تک آپ کا پیغام پہنچا اور دنیا کے کناروں سے آپ کی آواز پر لبیک کہنے والی سعید روحیں آج اس جلسہ میں موجود ہیں۔ اس موقع پر حضور نے سٹیج کے بائیں جانب کرسیوں پر بیٹھے ہوئے دنیا کے مختلف ممالک کے باشندوں پر مشتمل احمدی جماعتوں کے نمائندوں کو کھڑا ہونے کا ارشاد فرمایا۔ جب وہ کھڑے ہو گئے تو جلسہ گاہ کی پوری فضا اللہ اکبر، اسلام زندہ باد اور احمدیت زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی اور جملہ سامعین جلسہ پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔

حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی گئی اس بشارت کو جو آج پوری ہو رہی ہے کتابوں سے مٹایا جا سکتا ہے اسے دیواروں سے بھی مٹایا جا سکتا ہے لیکن جو بشارت اب کرۂ ارض پر محیط ہو چکی ہے اسے ہرگز مٹایا نہیں جا سکتا۔ یہ خدا کی دی ہوئی بشارت تھی اور جو خدا کے اسے کون مٹا سکتا ہے۔

آخر میں حضور نے فرمایا ہماری جماعت غلبۂ اسلام کے لئے قائم کی گئی ہے لیکن اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ہمیں عاجزانہ راہوں کو اختیار کرنے کی ہدایت دی گئی ہے لہٰذا اپنے مقام کو کبھی ایک سیکنڈ کے لئے بھی فراموش نہ کرو۔ ہمارا مقام خدمت کا مقام ہے ہم نے کسی سے دشمنی نہیں کرنی۔ ایک حقیقی احمدی نہ کسی سے دشمنی کرتا ہے نہ کر سکتا ہے وہ تو سب کی خدمت کے لئے پیدا کیا گیا ہے سو اپنے اس مقام کو ہمیشہ پیش نظر رکھو۔ اس جلسہ کے انعقاد کی بھی یہی غرض ہے کہ آپ اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہوں اور پھر اس کے مطابق عمل کر کے خدا تعالیٰ کو راضی کریں۔ خدا کرے کہ یہ غرض پوری ہو۔

حضور کے اس بصیرت افروز خطاب کے بعد جو کم و بیش پون گھنٹہ تک جاری رہا حضور نے پرسوز اجتماعی دعا کرائی جس کے بعد ساڑھے دس بجے حضور واپس تشریف لے گئے، اور یوں اللہ تعالیٰ کے حضور اجتماعی دعاؤں کے ساتھ اس جلسہ کا آغاز ہوا۔

اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ جلسہ سالانہ کے افتتاح اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے تشریف لے جانے کے بعد افتتاحی اجلاس کی بقیہ کارروائی محترم جناب چوہدری احمد مختار صاحب امیر جماعت احمدیہ کراچی کی زیر صدارت انجام کو پہنچی۔ پہلے مکرم مولوی محمد منور صاحب سابق مبلغ مشرقی افریقہ نے "ہستی باری تعالیٰ انبیاء علیہم السلام کے حالات کی روشنی میں" کے موضوع پر تقریر فرمائی بعدہٗ مکرم مولوی غلام باری صاحب سیف پروفیسر جامعہ احمدیہ کی تقریر ہوئی آپ کی تقریر کا موضوع تھا "آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی اہلی زندگی"۔

مزید برآں ڈنمارک کے ہمارے احمدی نومسلم بھائی جناب عبدالسلام میڈسن صاحب اور سیرالیون کے محترم جناب ایم۔ کے۔ بونگے صاحب نے بھی انگریزی میں مختصر تقاریر کر کے اپنے اپنے ملک کی احمدیہ جماعتوں کی طرف سے حاضرین جلسہ کو السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کا پیغام پہنچایا اور اپنے اپنے ملک میں اسلام کی روز افزوں ترقی کے ایمان افروز واقعات سنائے۔ ان تقاریر کے خلاصے آئندہ شماروں میں ہدیۂ قارئین کئے جائیں گے، انشاء اللہ تعالیٰ۔

علماء سلسلہ کی ان ٹھوس اور پرمغز تقاریر نیز بیرونی ممالک سے تشریف لائے ہوئے دو معزز بھائیوں کی مختصر ایمان افروز تقاریر کے بعد افتتاحی اجلاس بارہ بجے دوپہر اختتام پذیر ہوا۔ (باقی)

منظوم کلام سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

جماعت احمدیہ کے جلسہ سالانہ ۱۹۷۸ء کے افتتاحی اجلاس منعقدہ ۲۶ دسمبر میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید نے قرآن عظیم کی شان میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے منظوم کلام میں سے حسب ذیل اشعار خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنائے:-

ہے شکر ربّ عزّ و جل خارج از بیاں ❊ جس کے کلام سے ہمیں اس کا ملا نشاں
وہ روشنی جو پاتے ہیں ہم اس کتاب میں ❊ ہوگی نہیں کبھی وہ ہزار آفتاب میں
اس سے ہمارا پاک دل و سینہ ہو گیا ❊ وہ اپنے منہ کا آپ ہی آئینہ ہو گیا
اس نے درختِ دل کو معارف کا پھل دیا ❊ ہر سینہ شک سے دھو دیا ہر دل بدل دیا
اس سے خدا کا چہرہ نمودار ہو گیا ❊ شیطاں کا مکر و وسوسہ بیکار ہو گیا
وہ رہ جو ذاتِ عزّ و جل کو دکھاتی ہے ❊ وہ رہ جو دل کو پاک و مطہر بناتی ہے
وہ رہ جو یارِ گمشدہ کو کھینچ لاتی ہے ❊ وہ رہ جو جامِ پاک یقیں کا پلاتی ہے
وہ رہ جو اس کے ہونے پہ محکم دلیل ہے ❊ وہ رہ جو اس کے پانے کی کامل سبیل ہے
اس نے ہر ایک کو وہی رستہ دکھا دیا ❊ جتنے شکوک و شبہ تھے سب کو مٹا دیا
افسردگی جو سینوں میں تھی دور ہو گئی ❊ ظلمت جو تھی دلوں میں وہ سب نور ہو گئی
جو دور تھا خزاں کا وہ بدلا بہار میں ❊ چلنے لگی نسیم عنایاتِ یار سے

تاریخ احمدیت پندرھویں جلد گیارہ نایاب تصاویر حجم تقریباً چھ صد صفحات اعلیٰ کاغذ معیاری طباعت **قیمت اٹھارہ روپے** ملنے کا پتہ:- **ادارۃ المصنفین ربوہ**

نیا عزم - نیا نام

حضرت خلیفۃ المسیح اوّل رضی اللہ عنہ کے مبارک ہاتھوں سے قائم شدہ

قدیمی - اوّلین اور شہرہ آفاق دواخانہ

اپنے دورِ ثالث میں ایک نئے عزم اور نئی لگن کے ساتھ

مشہور دواخانہ

کے نام سے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبات سے بھرپور سابقہ روایات کو آگے بڑھاتا ہوا گامزن ہے۔

مشہور دواخانہ

چوک گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ

حضرت خلیفۃ المسیح اوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مشہور شاگرد جناب حکیم نظام جان صاحب کے فرزند حکیم عبدالحمید کی زیرِ نگرانی خدمتِ انسانیت کی خادمانہ راہوں پر رواں دواں ہے۔

مشہور دواخانہ

کی روایات دکھ درد اور ہزاروں پریشانیوں میں سب کی ساتھی ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ ساتھی رہیں گی۔

حکیم عبدالحمید۔ مشہور دواخانہ

چوک گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ۔ فون ۴۸۴۴

الفضل آپ کا واحد جماعتی روزنامہ ہے اس میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ (منیجر)

اسلام کی روز افزوں ترقی کا آئینہ دار

ماہنامہ **تحریکِ جدید** ربوہ

آپ خود بھی یہ ماہنامہ پڑھیں اور اپنے غیر از جماعت دوستوں کو بھی پڑھنے کیلئے دیں۔

سالانہ چندہ ۵/۵ روپے

(مینیجنگ ایڈیٹر)

آپ کی صحت کا ضامن

شہرہ آفاق ادویات کا مرکز

دواخانہ خدمتِ خلق ربوہ

قرآن مجید

ترجمہ مع تفسیر جلد اوّل

از

الحاج پیر صلاح الدین

سلیس اور بامحاورہ ترجمہ۔ ربطِ آیات کا خاص اہتمام۔ سابقہ تفاسیر کے ضروری اور مفید حوالے۔ کل صفحات ۵۶۵۔ اعلیٰ سفید کاغذ۔ دیدہ زیب آفسٹ کتابت و طباعت۔ خوبصورت جلد۔

ھدیہ: -/۱۵، جلسہ کے دنوں میں صرف -/۱۰

قرآن پبلیکیشنز اسلام آباد

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر ہماری پیشکش

سیدنا حضرت المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کی

معرکۃ الآراء تصنیف

دیباچہ تفسیر القرآن

یہ کتاب ایک عرصہ سے نایاب تھی۔ اس میں حضور رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کے پُرمعارف حقائق، انوار و برکات اور اسلام کی بے مثال، اعلیٰ اور مکمل تعلیم اور حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ سیرت کو نہایت عمدہ پیرایہ میں دلائل کے ساتھ پیش کیا ہے۔ یہ کتاب آفسٹ طباعت کے ساتھ اعلیٰ کاغذ پر شائع کی گئی ہے۔ ھدیہ فی جلد مجلد بائیس ۲۲ روپے۔

الناشر:- الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ۔ گول بازار ربوہ ٹیلیفون ۴۸۱

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطرناک چارہ بے خطر ڈالئے!

بشرطیکہ

آپ کے پاس اکسیر اپھارہ کا سٹاک موجود ہو۔ اکسیر اپھارہ کے استعمال نے خدا تعالیٰ کے فضل سے خطرناک سے خطرناک اپھارہ میں مبتلا سینکڑوں جانوروں کی جان بچائی ہے۔ فی پیکٹ ۱/۵۰۔ درجن -/۱۲ — دو درجن پر محصول ڈاک بذمہ کمپنی۔

حیوانات کی دیگر دواؤں کا مسالہ مفت

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی۔ گولبازار ربوہ۔ فون نمبر ۶۰۶

(کیوریٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ)

ڈیلروں کی ضرورت

اعلیٰ کوالٹی لانڈری سوپ کے لئے صوبہ سرحد سے تعلق رکھنے والے ڈیلروں کی ضرورت ہے۔

اس سلسلہ میں درج ذیل پتہ پر رجوع فرمائیں:-

ضیاء سوپ فیکٹری۔ کوٹ لکھپت روڈ۔ لاہور

فون نمبر ۳۵۲۷۳۷

دورانِ جلسہ سالانہ درج ذیل پتہ پر رجوع فرمائیں:-

کوٹھی ڈاکٹر خیر الدین صاحب بٹ۔ محلہ دارالصدر شمالی ربوہ

ہضمی خرابی ہضم کا بہترین علاج قیمت فی شیشی -/۲ روپے

مبارک منجن دانتوں کی چمک و صفائی کیلئے قیمت ۱/۵۰ روپیہ

کف میپ خشک و تر کھانسی کے لئے لاجواب قیمت فی شیشی ۳/۵۰ روپے

ساجد دواخانہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عظیم منصوبے کا روحانی پروگرام

صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عالمگیر روحانی منصوبہ کی کامیابی کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احبابِ جماعت کے سامنے دعاؤں اور عبادات کا ایک خاص پروگرام رکھا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے:۔

(۱) جماعتِ احمدیہ کے قیام پر ایک صدی مکمل ہونے تک ہر ماہ احبابِ جماعت ایک نفلی روزہ رکھا کریں جس کے لئے ہر قصبہ، شہر یا محلہ میں مہینہ کے آخری ہفتہ میں کوئی ایک دن مقامی طور پر مقرر کر لیا جایا کرے۔

(۲) دو نفل روزانہ ادا کئے جائیں جو نماز عشاء کے بعد سے لے کر نمازِ فجر سے پہلے تک یا نماز ظہر کے بعد ادا کئے جائیں۔

(۳) کم از کم سات بار روزانہ سورۂ فاتحہ کی دعا غور و تدبر کے ساتھ پڑھی جائے۔

(۴) درود شریف اور تسبیح و تحمید نیز استغفار کا ورد روزانہ ۳۳-۳۳ بار کیا جائے۔

(۵) مندرجہ ذیل دعائیں روزانہ کم از کم گیارہ بار پڑھی جائیں:۔

(۱) ربّنا افرغ علینا صبرًا وثبّت اقدامنا وانصرنا علی القوم الکٰفرین۔

(۲) اللّٰھم انا نجعلک فی نحورھم ونعوذ بک من شرورھم۔

ان کے علاوہ حضور نے اپنی زبان میں بھی بکثرت دعائیں کرنے کی تاکید فرمائی کہ اللہ تعالیٰ ہماری حقیر قربانیوں کو قبول فرمائے اور صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عظیم منصوبے کو ہر لحاظ سے کامیاب کرے اور ہم شاہراہِ غلبۂ اسلام پر آگے ہی آگے بڑھتے چلے جائیں۔

تمام احمدی جماعتیں اور احبابِ جماعت توجہ اور التزام اور باقاعدگی کے ساتھ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے پیش فرمودہ اس روحانی پروگرام پر عمل کر کے اللہ تعالیٰ کی برکات کو حاصل کرنے کی کوشش فرمائیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

وقفِ جدید اور انصار اللہ کی ذمہ داریاں

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی کتاب "فتح اسلام" میں فرماتے ہیں:۔

"وہ وقت دور نہیں بلکہ بہت قریب ہے کہ جب تم فرشتوں کی فوجیں آسمان سے اترتی اور ایشیا، یورپ اور امریکہ کے دلوں پر نازل ہوتی دیکھو گے۔۔"

ان بابرکت ایام کو قریب تر لانے کے لئے انصار اللہ کا فرض ہے کہ وہ تحریک وقفِ جدید اور اسی طرح دیگر تمام تحریکات کو زیادہ سے زیادہ مضبوط کریں اور ان کے حلقۂ اثر و کار میں کوئی فردِ بشر بوڑھا، جوان اور بچہ ایسا نہ رہے جو اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے سے رہ جائے۔ قائدین و زعماء کرام اس بارہ میں مکمل نگرانی فرما کر کارکردگی کے بارہ میں معین اعداد و شمار کے ساتھ باقاعدہ رپورٹ مرکز میں بھجوائیں۔

(قائد وقفِ جدید انصار اللہ مرکزیہ)

دینی معلومات کا ذخیرہ

ہر شخص کے لئے دینی معلومات کا حاصل کرنا اشد ضروری ہے۔ اخبار الفضل کا مسلسل مطالعہ آپ کی دینی معلومات میں اضافہ کرنے کا بہت بڑا موجب بن سکتا ہے کیونکہ اس میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبات اور فرمودات شائع ہوتے رہتے ہیں۔ جو دینی معلومات کا ایک بہت بڑا ذخیرہ ہوتے ہیں۔ (مینیجر الفضل)

ہفتہ قرآن مجید

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ علومِ قرآنی کی ترویج و اشاعت اور قرآن مجید پڑھنے کی ترغیب و تلقین کے لئے مؤرخہ یکم فروری ۱۹۷۶ء سے "ہفتہ قرآن مجید" منایا جائے گا۔ اس ہفتہ میں تمام احبابِ جماعت کو باحسن طریق قرآن مجید کی عظمتِ شان ذہن نشین کرانے کی کوشش کی جائے گی۔ جملہ امراء صاحبان اور صدر صاحبان جماعت ہائے احمدیہ سے گذارش ہے کہ وہ اپنی جماعتوں میں پورے اہتمام اور توجہ سے یہ ہفتہ منائے جانے کا انتظام فرمائیں۔

اس ہفتہ میں تقاریر کے لئے مندرجہ ذیل عناوین تجویز کئے گئے ہیں:۔

(۱)۔ تلاوتِ قرآن مجید کے آداب۔
(۲) ترجمہ قرآن مجید سیکھنا ضروری ہے۔
(۳) قرآنی احکام دربارہ عبادات۔
(۴) حسنِ معاشرت اہلِ خانہ اور قرآن مجید
(۵) یتیموں کی خبر گیری اور قرآن مجید
(۶) مالی جہاد کے قرآنی احکام۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن)

دفتر معلومات۔ فوری امداد و گمشدہ اشیاء

سالانہ جلسہ کے موقع پر احباب کی سہولت کے لئے "دفتر معلومات۔ فوری امداد و گمشدہ اشیاء" نے ۲۲ دسمبر سے کام شروع کر رکھا ہے اور دن رات کھلا ہے۔ احباب ہر قسم کی معلومات جن کا تعلق سالانہ جلسہ سے ہو اس دفتر سے حاصل فرما سکتے ہیں۔ اگر آپ کو راستوں میں کوئی گری پڑی چیز ملے تو اسے پوری احتیاط سے اٹھا کر دفتر معلومات میں پہنچا دیں۔ اسی طرح اگر کوئی گمشدہ بچہ نظر آئے تو اسے اس کے حال پر ہرگز نہ چھوڑ دیں بلکہ بحفاظت دفتر معلومات میں پہنچا کر شکریہ کا موقع دیں۔ جلسہ کے دنوں میں ہر کمسن بچہ کی جیب میں اس کے والد کا نام اور مکمل پتہ لکھ کر ڈالے رکھیں۔ اپنی گمشدہ اشیاء اور بچوں سے متعلق فوری رپورٹ دفتر معلومات میں درج کروائیں۔ دفتر معلومات خلافت لائبریری کے مشرقی جانب واقع ہے۔ فون نمبر ۴۳۷۴

(ناظم معلومات و فوری امداد)

دعائے نعم البدل

برادرم مکرم عبدالرشید صاحب ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ پرائمری سکول ڈمبر لو ضلع تھرپارکر سندھ کا اکلوتا بچہ بعمر چھ ماہ ۱۱ دسمبر ۱۹۷۵ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گیا ہے۔ احبابِ جماعت دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ والدین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور نعم البدل سے نوازے۔ آمین۔

(حمید الدین، ربوہ)

مصفّی چہرہ

منہ کے داغ، مہاسے، کیل اور چھائیوں کے لئے لگاتار استعمال سے چیچک کے داغ بھی دور کرتی ہے۔ چہرہ ملائم، صاف اور سرخ ہو جاتا ہے۔
قیمت چار روپیہ فی ڈبیہ

بے اولاد کے لئے مژدہ

جن گھرانوں میں اولاد نہیں ہوتی وہ ہم سے رجوع فرمائیں انشاء اللہ تعالیٰ یقینی طور پر ان کی آرزو پوری ہوگی۔

صدر دواخانہ دارالصدر غربی ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴